لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ رمضان المبارک ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۰ جولائی ۱۹۱۶ء	نمبر ۲۸

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۶ جون ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر یوسف علیخان قائم مقام تحصیلدار بلاسپور کی تنخواہ موجودہ میں یوم کارکردگی سے تا قائمی مقامی پچیس روپیہ ماہوار اور تجمل حسین خان نائب تحصیلدار بلاسپور کی تنخواہ موجودہ میں دس روپیہ ماہوار یوم کارکردگی سے اضافہ منظور فرمایا گیا۔

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ قائم مقام تحصیلدار و نائب تحصیلدار بلاسپور	۱
۲	تنبیہ و ہدایات بہ گرداور و قانون گویان و تبادلہ جات	۲
۳	رخصت اہلمد نظامت	〃
۴	نسبت اندراج نتیجہ امتحان شاخ پنجاب یونیورسٹی	〃
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ
۶	روداد میونسپلٹی	〃
۷	نقشہ جات حیات و ممات	

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۴ جون سنہ ۱۹۱۶ء

عبدالخالق گرداور قانون گوی تحصیل شاہ آباد کے کام کی شکایات ہیں کہ سستی و غفلت سے کام کرتے ہیں۔ تاکیدیں ہوئیں۔ ہدایتیں کی گئیں جرمانہ ہوا مگر اثر نہوا۔ اسیطرح احمد علی گرداور کی بھی کام کی شکایت ہے۔ تحصیلدار بلاسپور انکی سستی وغیرہ کے شاکی ہیں۔ اسمیں شک نہیں۔ کہ جہاں یہ گرداور سست ہیں وہاں تحصیلداران بھی اسقدر غفلت کرتے ہیں۔ کہ انکے کام کی نگرانی کافی طور نہیں کیجاتی۔ اگر ماہوار بستہ گرداوران کا معائنہ تحصیلداران کر لیا کریں تو کسی کاغذ کی تعمیل تاخیر سے نہو۔ مگر اسکا بھی افسوس ہے۔ کہ تحصیلداران و نائب تحصیلداران دفتر کی نگرانی کی جانب توجہ نہیں کرتے۔ بہرحال یہ ہر دو گرداور اپنی سستی و کاہلی کے باعث اس قابل نہیں معلوم ہوتے کہ اپنے عہدہ پر قائم رکھے جائیں۔ لیکن محض پرورشاً بوجہ ملازمت دیرینہ و اتمام حجت کے لئے ایک موقع ان گرداوران کو اپنی حالت درست کرنے کا اور دیا جاتا ہے۔ اگر آیندہ انکی اصلاح نہوئی۔ تو حکم مناسب دیا جائے گا۔ لہذا بنظر مناسب

حکم ہوا۔ کہ

عبدالخالق گرداور متعینہ شاہ آباد تحصیل بلاسپور کو تبدیل ہو۔ اور احمد علیخان گرداور بلاسپور سی ملک۔ اور ابراہیم خان ملک سی شاہ آباد محمد حسین خان گرداور بوجہ علالت وغیرہ اپنے تبادلہ کی استدعا کرتا ہے لہذا محمد حسین خان گرداور جو عرصہ سے تحصیل سوار میں تعینات بھی ہے حضور تحصیل تبدیل ہو۔ اور ہرپرشاد حضور تحصیل سے تحصیل سوار تبدیل کیا جائے۔ تنخواہیں اپنی اپنی پاتے رہیں گے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں تحصیلدار بلاسپور و ملک کو لکھا جائے۔ کہ عبدالخالق اور احمد علیخان کا خود یا بذریعہ نائب تحصیلدار ماہوار بستہ کا معائنہ کیا کریں۔ بلا ضرورت کاغذ پڑا ہو تو فوراً تعمیل کرادیں۔ اور چند ماہ کے بعد تحصیلدار بلاسپور و ملک رپورٹ بھیجیں۔ کہ ہر دو گرداوران نے کیا کام کیا۔ اور اپنی عادت سستی و غفلت کو ترک کیا یا نہیں۔ اگر خراب کام پایا گیا۔ تو حکم مناسب دیا جائیگا۔ تحصیلداران بلاسپور و ملک کو کافی نگرانی احمد علی و عبدالخالق کے کام کی رکھنا چاہئے۔ ایک نقل روبکار ہذا بخدمت صاحب مہتمم بندوبست مرسل ہو۔ و مثل آمدہ بندوبست سررشتہ مصرف کو واپس بھیجدئے جائیں۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

یکم جولائی سنہ ۱۹۱۶ء

حسب سفارش ناظم صاحب رخصت دو ماہ احمد حسین اہلمد اجلاس بعلت [illegible] بعوض خادم علی امیدوار منظور ہوگئی۔ نصف تنخواہ عوض اور نصف رخصتی کو ملیگی۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۷ جولائی سنہ ۱۹۱۶ء

نتیجہ امتحان درجات فارسی و عربی شاخ پنجاب یونیورسٹی مع رپورٹ پرنسپل صاحب و پروفیسر صاحب ملاحظہ ہوا۔ نتیجہ قابل ستائش ہے۔ پروفیسر صاحب اور مدرسین درجات کی مستعدی پسندیدہ ہے۔ لہذا نتیجہ مع رپورٹ متعلقہ گزٹ میں شائع کیا جائے۔ مسودہ صاحب مطبع کے پاس مرسل ہو۔

جناب عالی

گزارش یہ ہے کہ پروفیسر صاحب نے ایک نقشہ امتحانات عربی و فارسی شاخ لاہوری سنہ ۱۹۱۶ء مرتب کرکے اور ہر درجہ کے مدرس کی دستخط کراکے پیش کیا ہے۔ جو بغرض ملاحظہ عالی و حکم اندراج گزٹ ارسال خدمت ہے۔ پروفیسر صاحب نے ہر درجہ کی تفصیلی حالت ظاہر کی ہے۔ اسمیں کوئی شبہ نہیں کہ نتیجہ نہایت عمدہ و قابل قدر ہے۔ بالخصوص نتیجہ منشی فاضل کہ مقدار شرکا کامیابان ہر دو زائد ہے۔ دونوں صیغوں سے پچیس طلبا شریک امتحانات پنجاب یونیورسٹی ہوئے کہ جنمیں بیس پاس اور پانچ فیل ہیں۔ یہ نتیجہ فیصدی اسی کامیابی کا ہے۔

درجہ منشی عالم میں سات طالب علم جنہوں نے مدرس درجہ پر عرضیاں دی تھیں۔ اور خلاف رائے مدرس شریک امتحان ہوئے تھے وہ سب فیل ہو گئے۔ چونکہ خلاف رائے مدرس یہ شریک امتحان ہوئے تھے۔ اسلئے اُن کا ذکر اس رپورٹ میں نہیں ہے۔ ۲۹ جون سنہ ۱۹۱۶ء

(دستخط پرنسپل مدرسہ عالیہ)

جناب عالی

ارسال خدمت والا ہے

گزارش یہ ہے کہ نتائج ہر سہ درجات فارسی و ہر سہ درجات عربی جو ہر مدرس درجہ نے پیش کئے ہیں۔ برائے ملاحظہ عالی و درج گزٹ ریاست احمد ان نتائج منسلکہ کی رو سے منشی فاضل و منشی عالم و منشی کے امتحانات پنجاب یونیورسٹی میں صیغہ فارسی مدرسہ عالیہ سے اُنیس طلبہ شریک ہوئے جنمیں سے سولہ پاس ہوئے۔ اور تین فیل ہیں۔ یہ نتیجہ فیصدی پچاسی کامیابی کا ہے اور نہایت اچھا ہے۔ ہر درجہ کی حالت تفصیل نقشہ کے تحت میں درج ہے یہاں صرف مجموعی حیثیت سے عرض کیا گیا۔

ہر سہ درجات عربی شاخ لاہوری مدرسہ عالیہ سے چھ طالب علم شریک امتحانات عربی پنجاب یونیورسٹی ہوئے جنمیں سے چار پاس اور دو فیل ہیں یہ نتیجہ بھی فیصدی سرسٹھ کامیابی کا ہے اور بہت اچھا ہے۔ ان درجات کی بھی تفصیل ہر درجہ کے نتیجہ کے بعد درج ہے۔ ان نتائج کے گزٹ میں درج ہونے کا حکم صادر فرمایا جاوے۔ فقط۔ ۲۲ر جون سنہ ۱۹۱۶ء (دستخط سید دلدار حسین پرنسپل پروفیسر مدرسہ عالیہ)

نتیجہ امتحان منشی فاضل پنجاب یونیورسٹی ۔ طلبہ مدرسہ عالیہ ریاست رامپور بابت سنہ ۱۹۱۶ء

نمبر شمار	اسمائے طلبہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱	سید ابوالقاسم رامپوری	اول پرچہ ۱۰۰	دوسرا پرچہ ۱۰۰	تیسرا پرچہ ۱۰۰	چوتھا پرچہ ۱۰۰	پانچواں پرچہ ۱۰۰	چھٹا پرچہ ۱۰۰	۶۰۰	۳۹۸	۲	۵	پاس
۲	خلیل الرحمٰن خان رامپوری	"	"	"	"	"	"	"	۲۵۸	۳	۸	"
۳	سید صغیر حسین بلاسپوری	"	"	"	"	"	"	"	۳۲۱	۳	۱۹	"
۴	سید محمد علی رامپوری	"	"	"	"	"	"	"	۳۱۱	۳	۲۵	"
۵	محمد حسین شکارپوری	"	"	"	"	"	"	"	۳۰۸	۳	۲۷	"
۶	ابوالحسن بریلوی	"	"	"	"	"	"	"	۳۱۰	۳	۲۹	"
۷	محمد الیاس چشتیاوری	"	"	"	"	"	"	"	۳۰۴	۳	۲۹	"
۸	مرزا نوازش علی بیگ گلاؤٹھی	"	"	"	"	"	"	"	۳۰۴	۳	۲۹	"
۹	سید شاکر حسین ضلع مراد آباد	"	"	"	"	"	"	"		فیل		فیل

اس سال امر امتحان میں مدرسہ عالیہ سے نو طالب علم شریک امتحان پنجاب یونیورسٹی ہوئے جن میں سے آٹھ پاس اور صرف ایک فیل ہے فیصدی نواسی کامیابی ہے۔ جو نہایت اعلیٰ نتیجہ ہے۔ اور مقدار شرکائے امتحان بھی کافی ہے۔ یہ نتیجہ قابل توجہ حکام بالا ہے۔ فقط ۲۲ جون ۱۹۱۶ء

سید اولاد حسین شاداں بلگرامی، [illegible]
پنشنین پروفیسر مدرسہ عالیہ ریاست رامپور

نتیجہ امتحان طلبہ منشی عالم مدرسہ عالیہ ریاست رامپور شرکائے پنجاب یونیورسٹی لاہور بابت سنہ ۱۹۱۶ء

نمبر شمار	اسمائے طلبہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	پاس یا فیل
۱	عبدالغنی خان رامپوری	پرچہ اول ۱۰۰	پرچہ دوم ۱۰۰	پرچہ سوم ۱۰۰	پرچہ چہارم ۱۰۰	پرچہ پنجم ۱۰۰	پرچہ ششم ۱۰۰	۶۰۰	۳۰۱	۲	۴	پاس
۲	احمد بخش ضلع مراد آباد	"	"	"	"	"	"	"	۲۸۹	۲	۸	"
۳	سید محمد جعفر امروہوی	"	"	"	"	"	"	"	۳۶۰	۳	۱۱	"

درجہ منشی عالم سے تین طلبہ شریک امتحان ہوئے ۔ اور سب پاس ہوئے ۔ فقط

(محمد تقی مدرس درجہ منشی عالم)

نتیجہ امتحان طلبہ منشی مدرسہ عالیہ ریاست رامپور شرکائے پنجاب یونیورسٹی لاہور بابت سنہ ۱۹۱۲ء

نمبر شمار	اسمائے طلبہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نمبر	پاس یا فیل
۱	عبدالرؤف رامپوری	اول پرچہ	پرچہ دوم	پرچہ سوم	پرچہ چہارم	پرچہ پنجم	پرچہ ششم	۶۰۰	۳۱۹	۲	۱۰	پاس
۲	تاج محمد ضلع میرٹھ	″	″	″	″	″	″	″	۲۹۱	۲	۱۳	″
۳	نیاز محمد خان رامپوری	″	″	″	″	″	″	″	۲۸۳	۲	۱۶	″
۴	رفیق احمد امروہہ	″	″	″	″	″	″	″	۱۰۰	۲	۱۹	″
۵	علی حسن خان رامپوری	″	″	″	″	″	″	″	۲۰۵	۲	۲۲	″
۶	ولایت حسین خان رامپوری	″	″	″	″	″	″	″		فیل		فیل
۷	غلام ربانی رامپوری	″	″	″	″	″	″	″		فیل		فیل

اس امتحان میں سات طالب علم شریک امتحان پنجاب یونیورسٹی ہوئے جنمیں سے پانچ پاس اور دو فیل ہیں۔ یہ نتیجہ بہتر فیصدی کامیابی کا ہے۔ حسب قواعد یونیورسٹی اول درجہ کا نتیجہ ہے۔ اور معتدبہ شرکا ہی کافی ہے۔ فقط ۲۲ رجب سنہ ۱۹۱۲ء (محمد [illegible] خان مدرس درجہ [illegible] مدرسہ عالیہ)

نتیجہ امتحان طلبہ مولوی فاضل مدرسہ عالیہ ریاست رامپور جو شریک امتحان پنجاب یونیورسٹی ہوئے بابتہ ۱۹۱۲ء

نمبر شمار	اسمائے طلبہ	دیوان متنبی مقامات حریری	دیوان حسان دیوان حماسہ	معلقات قصیدہ الدریہ	حمد اللہ شرح سلم شریفیہ	[illegible]	جواب مضمون	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نمبر	پاس یا فیل
۱	سید اختر علی شاہ [illegible]	اول پرچہ	دوم پرچہ	سوم پرچہ	چہارم پرچہ	پنجم پرچہ	ششم پرچہ	۶۰۰	۳۱۹	۳	۹	پاس
۲	سید مرتضیٰ ضلع [illegible]	″	″	″	″	″	″	″		فیل		فیل
۳	سید ضمیر عباس	″	″	″	″	″	″	″		فیل		فیل

اس درجہ سے تین طالب علم شریک امتحان یونیورسٹی ہوئے جنمیں سے ایک پاس اور دو فیل ہوئے یہ نتیجہ ۳۳ فیصدی کامیابی کا ہے حسب قواعد سررشتہ تعلیم گورنمنٹ کم از کم اتنا ہی نتیجہ مطلوب ہوتا ہے۔

احمد امین عفی عنہ

مدرس درجہ دوم درس نظامی

نتیجہ امتحان طلبہ مولوی عالم مدرسہ عالیہ ریاست رامپور جو شریک امتحان پنجاب یونیورسٹی ہوئے بابت سنہ ۱۹۱۶ء

نمبر شمار	اسمائے طلبہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان نمبر	نمبر حاصل	ڈویژن	درجہ	پاس یا فیل
۱	سید ذوالحسین صاحب اوکاج	اول پرچہ	دوسرا پرچہ	تیسرا پرچہ	چوتھا پرچہ	پانچواں پرچہ	چھٹا پرچہ	۴۰۰	۳۱۴	۲	۳	پاس
۲	غلام سرور	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	۲۶۲	۳	۶	〃

اس امتحان میں دو طالب علم شریک امتحان ہوئے اور دونوں کامیاب ہیں فیصدی پورا نتیجہ کامیابی ہے اس سے بہتر کیا نتیجہ ہو سکتا ہے
گو طالب علم دو ہی ہیں۔ نظر الطاف حکام بالا مطلوب ہے فقط ۲۲ جون ۱۹۱۶ء

رشید الدین

مدرس مولوی عالم مدرسہ عالیہ

نتیجہ امتحان طلبہ مولوی مدرسہ عالیہ ریاست رامپور جو شریک امتحان پنجاب یونیورسٹی لاہور ہوئے بابتہ سنہ ۱۹۱۶ء

نمبر شمار	اسمائے طلبہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان نمبر	نمبر حاصل	ڈویژن	درجہ	پاس یا فیل
۱	عبدالرحمٰن پنجابی	اول پرچہ	دوسرا پرچہ	تیسرا پرچہ	چوتھا پرچہ	پانچواں پرچہ	چھٹا پرچہ	۴۰۰	۳۴۳	۲	۱	پاس

اس امتحان میں ایک ہی طالب علم شریک امتحان ہوا جو پاس ہے گو کم تعداد ہے مگر نتیجہ کامیابی فیصدی پورا ہے اس سے بہتر کیا نتیجہ نہیں ہو سکتا
حکام بالا کو نظر محنت مدرس درجہ پر فرمانا چاہئے۔ فقط ۲۲ جون ۱۹۱۶ء

سید رسول عفی عنہ

مدرس درجہ مولوی مدرسہ عالیہ

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۲۹ جون لغایتہ ۵ جولائی سنہ ۱۹۱۶ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	[illegible]	از شروع	[illegible]	از شروع	[illegible]	از شروع	[illegible]	از شروع	[illegible]	از شروع	[illegible]	از شروع
۲۹ جون ۱۹۱۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۲۲	۰	۸ لم	۰	۱۵ لم	۰	۱۸	۰	۲ لم	-	۲۳
۳۰ جون ۱۹۱۶ء یوم جمعہ	۰	۲۲	۰	۸ لم	۰	۱۵ لم	۰	۱۸	۰	۲ لم	۰	۲۳
یکم جولائی ۱۹۱۶ء یوم شنبہ	۰	۲۲	۰	۸ لم	۰	۱۵ لم	۰	۱۸	۰	۲ لم	۰	۲۳
۲ جولائی ۱۹۱۶ء یوم یکشنبہ	۰	۲۲	۱	۹ لم	۰	۱۵ لم	۰	۱۸	۰	۲ لم	-	۲۳
۳ جولائی ۱۹۱۶ء یوم دوشنبہ	۱	۲۳	۰	۹ لم	۰	۱ لم	۰	۱۸	۰	۶۲	۲	۲۵
۴ جولائی ۱۹۱۶ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۳	۰	نقشہ نہیں آیا	۸	۹ لم	۰	۱۷	۵	۷ لم	۲	۲۷
۵ جولائی ۱۹۱۶ء یوم چہارشنبہ	۶	۲۹	۰	رر	۰	خبر نہیں آئی	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۳ جولائی لغایتہ ۹ جولائی سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	
گیہوں	۹ ۱	۹ ۱	۹ ۱	۹ ۱	۹ ۰	۹ ۰	
[illegible]	۱۰ ۱۲	۱۱ ۷	۱۱ ۰ ۱	۱۱ ۰ ۱	۱۲ ۱	۱۱ ۱	
[illegible]	۱۱ ۱	۱۲ ۰	۱۲ ۱	۱۲ ۱	۱۲ ۰ ۱	۱۱ ۰ ۱	
[illegible]	۰	۰	۱۲ ۰ ۱	۱۲ ۱	۱۳ ۱	۱۲ ۱	
[illegible]	۸ ۱	۶ ۱	۷	۸ ۱	۷ ۱	۷ ۰ ۱	
[illegible]	۷ ۱	۷ ۷	۷ ۱	۷ ۱	۷ ۱	۷ ۱	
[illegible]	۱۳ ۱	۱۴ ۱	۱۵ ۱	۱۷ ۰ ۱	۱۶ ۱	۱۹ ۱	
[illegible]	۱۳ ۰ ۱	۱۳ ۱	۱۳ ۱	۱۶ ۱	۱۳ ۱	۱۳ ۰ ۱	
[illegible]	۰	۱۱ ۱	۱۲ ۱	۱۲ ۰ ۱	۱۲	۱۲ ۱	
مسور	۸	۰	۹ ۱	۰	۸ ۱	۱۰ ۱	
ارہر	۵۵	۰	۱۱ ۱	۰	۸ ۱	۱۰ ۱	
[illegible]	۵ ۰ ۵	۸ ۱	۲ ۱	۳ ۱	۶ ۲	۱ ۲ ۱	
روغن زرد	۱۰ ۱	۳ ۱	۰ ۱۰۰ ۱	۰ ۱۰ ۱	۳ ۱	۰ ۱۰ ۱	
روغن سیاہ	۱۲ ۱	۲ ۱	۲ ۱	۳ ۱	۲ ۱	۲ ۱	
روغن [illegible]	۱ ۰ ۱۰ ۱	۲ ۱	۲ ۱	۲ ۱	۱ ۱	۲ ۱	
[illegible]	۱۱ ۱	۱۲ ۱	۱۳ ۱	۱۰ ۱	۱۳ ۱	۱۳ ۱	
[illegible]	۸ ۱	۱۲ ۱	۱۳	۱۰ ۱	۱۲ ۱	۱۳ ۱	
قند سیاہ	۹ ۱	۶ ۱	۵ ۱	۵ ۱	۸ ۱	۷ ۱	
[illegible]	۱۰ ۱	۰	۱۲ ۱	۰	۱۱ ۱	۰	

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری نومبر سنہ ۱۹۱۵ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے کم: مرد	عورت	ایک سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	[illegible]	بخار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان از خانہ ۱۹ لغایت ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۲	۴	۱۳	۴	۴۳	۳۵	۸	۲	۷	۶	۸	۲۲	۲۰	۳۰	۳۵	۴۸	۱۷	۰	۲	۰	۶۳	۰	۰	۰	۶۵	
گنج	۱۱	۰	۹	۴	۲۴	۲۰	۴	۴	۴	۶	۳	۱۱	۱۸	۲۱	۲۵	۴۰	۶	۰	۲	۰	۴۴	۰	۰	۰	۴۶	
حوالی شہر	۱۵	۶	۵	۷	۳۳	۲۰	۱۳	۸	۱۳	۲	۲	۱۹	۱۳	۲۹	۲۸	۲۸	۲۹	۰	۰	۰	۵۷	۰	۰	۰	۵۷	
عظیم نگر	۱۷	۹	۱۷	۱۹	۶۲	۳۴	۲۸	۶	۱۱	۴	۱۰	۲۲	۹	۳۲	۳۰	۳۲	۳۰	۰	۰	۰	۶۱	۱	۰	۰	۶۲	
شاہ آباد	۱۳	۴۵	۹	۴۰	۱۰۷	۲۲	۸۵	۳۹	۲۴	۴	۸	۳۱	۲۰	۷۴	۴۹	۳۲	۹۱	۷	۰	۰	۱۱۶	۰	۰	۰	۱۲۳	
بھوائی	۴	۳۵	۲	۲۶	۶۷	۶	۶۱	۹	۹	۴	۰	۴۰	۳۵	۵۳	۴۴	۱۲	۸۵	۷	۰	۰	۹۰	۰	۰	۰	۹۷	
ملک	۱۰	۶	۸	۴۴	۱۲۲	۱۸	۱۰۴	۱۴	۲۴	۷	۴	۱۰۷	۶۰	۱۵۵	۹۸	۳۸	۲۱۵	۹	۰	۰	۲۴۴	۰	۰	۰	۲۵۳	
بلاسپور	۲۳	۳۰	۲۹	۱۹	۱۰۰	۵۱	۴۹	۲۵	۱۵	۵	۳	۵۹	۴۸	۹۳	۶۶	۸۲	۷۷	۰	۰	۰	۱۵۹	۰	۰		۱۵۹	
کیمری	۷	۳۱	۱۱	۲۰	۶۹	۱۸	۵۱	۲۸	۱۲	۱۹	۶	۷۸	۵۵	۱۲۵	۷۵	۴۹	۱۵۱	۴۳	۰	۰	۱۵۷	۰	۰	۰	۲۰۰	
سوار	۲۹	۳۲	۳۱	۲۰	۱۱۲	۶۰	۵۲	۴۵	۳۱	۳	۳	۳۹	۲۷	۸۷	۶۱	۷۱	۷۷	۱	۰	۰	۱۴۷	۰	۰	۰	۱۴۸	
ٹانڈہ	۴۲	۲۸	۳۱	۱۵	۱۱۶	۷۳	۴۳	۲۳	۲۳	۴	۹	۴۹	۳۴	۷۶	۶۵	۶۶	۷۵	۰	۰	۰	۱۴۱	۰	۰	۰	۱۴۱	
میزان	۱۹۲	۲۸۰	۱۶۵	۲۱۸	۸۵۵	۳۵۷	۴۹۸	۲۳۴	۱۶۵	۶۴	۵۳	۴۷۷	۳۴۴	۷۶۵	۵۸۶	۴۹۸	۸۵۳	۶۶	۴	۰	۱۲۷۹	۱	۰	۰	۱۳۵۱	

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری دسمبر سنہ ۱۹۱۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل موتے: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	بخار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۸	۶	۲۳	۸	۶۵	۵۱	۱۴	۹	۵	۱	۰	۳۷	۲۳	۴۷	۲۸	۵۴	۲۱	۰	۰	۰	۷۵	۰	۰	-	۷۵	
گنج	۲۴	۱	۱۲	۰	۳۷	۳۶	۱	۴	۵	۱۳	۹	۱۱	۱۰	۲۸	۲۴	۴۱	۱۱	۰	۰	۰	۵۰	۰	۰	۰	۵۲	
حوالی شہر	۱۰	۱۴	۹	۱۱	۴۴	۱۹	۲۵	۱۰	۱۱	۲	۱	۳۱	۲۲	۴۳	۳۴	۳۰	۴۷	۰	۰	۰	۷۷	۰	۰	۰	۷۷	
عظیم نگر	۲۳	۲۳	۱۱	۱۵	۷۲	۳۴	۳۸	۴	۰	۱	۲	۲۷	۱۰	۳۴	۲۰	۲۵	۱۹	۰	۰	۰	۵۴	۰	۰	۰	۵۴	
شاہ آباد	۱۶	۲۲	۱۰	۳۴	۸۲	۳۸	۴۴	۷	۱۵	۱۰	۰	۲۳	۱۷	۲۹	۳۵	۱۳	۴۱	۰	۰	۰	۶۴	۰	۰	۰	۶۴	
پچواڑی	۴	۳۰	۸	۱۳	۵۶	۱۳	۴۳	۱۱	۸	۲	۲	۲۷	۲۹	۴۰	۳۶	۱۳	۶۳	۰	۰	۰	۷۶	۰	۰	۰	۷۶	
ملک	۸	۵۰	۲	۳۱	۹۱	۱۰	۸۱	۱۷	۱۶	۱	۲	۳۴	۳۹	۶۲	[illegible]	۹	۱۱۰	۰	۰	۰	۱۱۹	۰	۰	۰	۱۱۹	
بلاسپور	۱۳	۷	۷	۱۴	۴۱	۲۰	۲۱	۱۰	۵	۲	۲	۳۴	۲۶	۵۲	۳۳	۵۰	۳۵	۰	۰	۰	۸۵	۰	۰	۰	۸۵	
کیمری	۱۵	۱۳	۱۵	۲۳	۶۶	۳۰	۳۶	۱۲	۱۳	۵	۲	۴۵	۳۶	۳۳	۵۲	۳۱	۸۳	۰	۰	۲	۱۱۲	۰	۰	۰	۱۱۴	
سوار	۴۰	۴۰	۵۰	۲۱	۱۶۱	۱۱۰	۶۱	۵۵	۴۶	۷	۱۰	۶۷	۵۵	۱۲۸	۱۱۱	۱۲۸	۱۱۱	۰	۰	۰	۲۳۹	۰	۰	۰	۲۳۹	
ٹانڈہ	۱۶	۱۱	۱۲	۱۵	۵۴	۲۸	۲۶	۱۲	۸	۵	۱	۲۶	۱۴	۴۴	۲۳	۳۵	۳۲	۰	۰	۶۷	۰	۰	۰	۰	۶۷	
میزان	۲۱۶	۲۳۶	۱۵۹	۱۸۶	۷۹۹	۳۷۶	۴۴۳	۱۵۴	۱۲۱	۵۳	۳۴	۳۸۳	۲۴۸	۵۴۹	۴۵۳	۴۴۹	۵۹۳	۰	۰	۶۷	۹۷۵	۰	۰	۲	۱۰۴۷	

۴۔ درخواست یونس خان وغیرہ سکنہ محلہ گھیر طوفان بابت اجراء قبرستان متنبہ واقع محلہ مذکور بعد ملاحظہ موقع جناب صاحب پرائیوٹ سکرٹری صاحبہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ متصل پنجابیان کا قبرستان جاری ہی ہے اور آبادی سے بھی علیحدہ ہے۔ یہ قبرستان بھی جاری کر دیا جائے تو رفاہ خلائق ہے
۵۔ مثل تعمیر دوکانات و مکانات واقع سڑک نواب دروازہ معہ نوٹ دفتر میونسپلٹی و واجب الباقی اہم وار مطابقہ غایۃ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ماہوار ایک فہرست وصول باقی باجلاس جناب صاحب پرائیوٹ سکرٹری صاحبہ پیش ہوا کرے کہ کن کن باقیداران نے قسطیں داخل کر دیں کن کن نے نہیں دیں تاکہ بذریعہ رسالدار صاحب صدر سبیل کو حکم صادر ہوا کرے۔
۶۔ کاغذات واجب الباقی بحث تعمیرات میونسپلٹی نہایت ۱۵ مئی سنہ ۱۹۱۶ء	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سڑک جیل کے نالہ کا تخمینہ پیش ہو اور نواب دروازہ کے سڑک کا جو نالہ ہے اوسکی دیوار پختہ بنانیکا تخمینہ پیش ہو۔ بذریعہ محمد مصطفےٰ [illegible] صاحب سے تاکید ہو کہ ایک جانب کا اول غربی طرف کے دیوار کا تخمینہ جلد پیش ہو۔
۷۔ تخمینہ بابت تیاری نالہ پختہ سڑک شاہ آباد دروازہ متصل فیلخانہ جدید سرکاری تعدادی [illegible] معہ جواب آمدہ منشی محمد حسن خان	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تخمینہ ضروری قابل منظوری ہے کام جلد شروع کرا دیا جائے تین پلیان منشی محمد حسن خان صاحب انجینئر کی متعلق جو نالے بنائے گئے تعمیر نالہ کے ساتھ ہی اونہوں نے بنانیکا وعدہ فرمایا ہے اونکی پلیان بھی بنوائی جائیں اور تخمینہ بابت منظوری ارسال ہو
۸۔ تخمینہ تیاری نالی و تیاری کھرنجہ بابت محلہ چاہ شور [illegible] پیش شدہ جنرل کمیٹی ۔۔ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء بعد رپورٹ سب اوورسیر میونسپلٹی تعدادی للعہ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تخمینہ مبلغ للعہ قابل منظوری ہے کام عمدہ اور مضبوط کفایت سے بنوایا جائے

روئداد جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۱۵ مئی سنہ ۱۹۱۶ع

جناب صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر پریذیڈنٹ کمیٹی

ممبران شرکا ملازمین

۱۔ خان بہادر سید رضا حسین صاحب بہادر — مجسٹریٹ ضلع
۲۔ صاحبزادہ سید قدر تعلیمی خان صاحب بہادر — میونسپل افسر
۳۔ مولوی محمد فرخی صاحب
۴۔ منشی گوپی ناتھ صاحب — میر منشی
۵۔ منشی بھگت بہاری لال صاحب — میر منشی
۶۔ پنڈت ڈوری لال صاحب — بخشی فوج

ممبران شرکا غیر ملازمین

۱۔ محمد عطاء اللہ خان صاحب — ممبر
۲۔ لالہ ہرنام سنگھ صاحب — ممبر
۳۔ لالہ نیار سیداس صاحب — ممبر
۴۔ لالہ رتن لال صاحب — ممبر
۵۔ مولوی اعجاز حسین صاحب — ممبر
۶۔ اصغر علی خان صاحب — ممبر

امور تصفیہ طلب

۱۔ کاغذات کھدائی چاہ متصل مسالخ سرکاری بنا بر خوردن دواب وغیرہ حسب تجویز جنرل کمیٹی ۹ر اپریل سنہ ۱۹۱۶ع تخمینہ مرتبہ سب اوورسیر میونسپلٹی تعدادی عہ

۲۔ تخمینہ طیاری کمرہ جدید واقع محلہ قال مسجد زیارت ملا سجان شاہ صاحب پیش شدہ جنرل کمیٹی ۱۱ر اپریل سنہ ۱۹۱۶ع تعدادی للعہ

۳۔ درخواست ریاض الدین ولد رفیع الدین خان ساکنہ محلہ کٹرہ دربارہ تعمیر دوکانات و مکانات باقاعدہ از توسیع قلعہ معلے محسوبی نذرانہ دروازہ ہائے دوکانات سابقہ در آمدہ قلعہ معلے

تجویزات کمیٹی

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تخمینہ مبلغ عہ کا قابل منظوری ہے جلد کام طیار کرا دیا جائے مگر تخمینہ زائد ہے کام بکفایت بنوایا جائے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مولوی محمد مقبول احمد خان صاحب کو سب اوورسیر تخمینہ دکھلا کر اون سے رپورٹ لکھا کر اور موقع دکھلا کر جلد رپورٹ پیش کریں۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سابق میں وہ دوکانات تھیں جو قلعہ معلے میں آگئیں اونکا نذرانہ چھ روپیہ سے منہا کرکے اور دوکانات کا نذرانہ للعہ قابل وصول ہے جو جدید ہیں جہاں دوکانات اب بنائی ہیں یہاں پیشتر دوکانات نہیں تھیں بلکہ مکانات کے تین دروازہ تھے۔